I-SAPS
Informing Policies, Reforming Practices

Institute of
Social and Policy Sciences

الف اعلان
Alif Ailaan

راجن پور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات



راجن پور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

راجن پور

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

طابع وناشر:

انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز

مکان نمبر 13، گلی نمبر 1، G-6/3 اسلام آباد

پوسٹ بکس نمبر 1379، اسلام آباد، پاکستان

فون: 0092-51-111-739739، فیکس: 0092-51-2925336

ای میل: info@i-saps.org، ویب سائٹ: www.i-saps.org

تعاون: الف اعلان

ISBN: 978-969-9393-23-5

© 2013 I-SAPS, Islamabad.

عوامی تعلیمی ایجنڈا میں دیئے گئے اعداد و شمار و معلومات انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز کی تحقیق کا نتیجہ ہیں۔

اس ایجنڈا کے مندرجات سے الف اعلان کا متفق ہونا ضروری نہیں۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

پاکستان میں تعلیمی منصوبہ بندی کا جھکاؤ عمومی طور پر مرکزیت کی طرف مائل رہا ہے۔ اٹھارہویں آئینی ترمیم کے نتیجے میں شعبہء تعلیم میں پالیسی معاملات اور قانون سازی کے اختیارات صوبوں کو منتقل کر دیئے گئے ہیں۔ تعلیمی صورتحال میں بہتری اس امر کی متقاضی ہے کہ شعبہء تعلیم سے متعلق مالی اور انتظامی اختیارات ضلع کی سطح تک منتقل کیے جائیں۔ مزید برآں ضلع کی سطح پر فیصلہ سازی میں شہریوں کی شمولیت ایک اہم ضرورت ہے اور اس کو یقینی بنانے سے اصلاحاتی عمل کو مؤثر بنایا جا سکتا ہے۔

محکمہ تعلیم میں منصوبہ بندی اور نفاذ کے موجودہ طریقہء کار میں پالیسی سازی کا عمل وفاقی / صوبائی سطح پر ہوتا ہے اور عمل درآمد ضلعی اور تحصیل کی سطح پر ہوتا ہے۔ موجودہ طریقہء کار میں پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور عمل درآمد کی سطح پر شہریوں کی رائے اور شمولیت کو بالکل اہمیت نہیں دی جاتی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ تعلیمی اصلاحاتی عمل میں عوام کی شمولیت کو وفاق سے لے کر یونین کونسل کی سطح تک یقینی بنایا جائے اور ان کی ترجیحات کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیمی منصوبہ سازی اور نفاذ کی حکمت عملی مرتب کی جائے۔ اس میں شہریوں کی شمولیت کی اہمیت دو سطح پر ہے، اول یہ کہ پالیسی سازی ضلع کی ضروریات کے عین مطابق اور شہریوں کیلئے بھی قابل قبول ہوگی اور دوم، یہ کہ شہریوں کی اصلاحات کے عمل میں شراکت اور نگرانی سے اس تمام عمل میں مثبت پیش رفت یقینی ہو جائے گی۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

عوامی تعلیمی ایجنڈا راجن پور میں تعلیمی معیار اور رسائی میں بتدریج بہتری لانے کیلئے پانچ سالہ منصوبہ تجویز کرتا ہے۔ اس ایجنڈا میں ضلع کی تعلیمی صورتحال کا اعداد و شمار کی بنیاد پر تجزیہ کیا گیا ہے، اور والدین، ماہرین تعلیم، محکمہ تعلیم کی آراء اور رہنمائی میں اس ایجنڈا کی تشکیل کی گئی ہے۔ سکولوں میں شرح داخلہ میں اضافہ، شرح اخراج کو کم کرنا، معیار تعلیم میں بہتری لانا اور بنیادی سہولتوں میں مرحلہ وار بہتری اس ایجنڈا میں شامل چند اہم امور ہیں۔ اِن تمام امور کی مرحلہ وار بہتری کے لیے درکار تعلیمی بجٹ میں بتدریج اضافہ بھی تجویز کیا گیا ہے۔ اس منصوبہ پر عملدرآمد کرتے ہوئے ضلع کی تعلیمی صورتحال میں خاطر خواہ بہتری لائی جا سکتی ہے۔

موجودہ تعلیمی ایجنڈا میں ایک ایسا ماڈل اپنایا گیا ہے جس میں تعلیمی پالیسی سازی، منصوبہ بندی اور عملدرآمد سے متعلق معاملات میں شہریوں کی رائے اور شرکت کو یقینی بنایا جا سکتا ہے۔ تعلیمی منصوبہ بندی کے اس طریقہ کار سے یہ بخوبی اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ شہریوں کی رائے میں کون سے مسائل زیادہ اہم ہیں اور ان کو کس طریقے سے حل کیا جا سکتا ہے۔

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی (Minimum Standards Planning)

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی ایک ایسا طریقہء کار ہے جس کے ذریعے مستند اعداد و شمار کو استعمال کرتے ہوئے حقیقت پسندانہ اہداف کا تعین موزوں دورانیہ کے لیے کیا جاتا ہے۔ تعلیمی منصوبہ بندی کا یہ عمل درج ذیل اہم اصولوں پر استوار ہے: 1- تعلیم تک رسائی کو یقینی بنانا، 2- صنفی تفاوت کا خاتمہ کرنا، 3- معیار تعلیم میں بہتری لانا، 4- اساتذہ کی پیشہ ورانہ تربیت اور کارکردگی میں بہتری، 5- ضلعی تعلیمی شعبہ کے انتظامی افسران کے کام کے معیار اور کارکردگی میں اضافہ کرنا۔ ان اصولوں کی بنیاد پر تعلیمی اعداد و شمار اور مالی ضروریات کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ایسا ایجنڈا ترتیب دیا جا سکتا ہے جو موجودہ/دستیاب وسائل کو سامنے رکھتے ہوئے تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل کا حل تجویز کرتا ہو۔ تعلیمی اصلاحات کا یہ منصوبہ درج بالا راہنما اصولوں کی روشنی میں مرتب کیا گیا ہے۔

اس کو تیار کرتے ہوئے حکومتی تعلیمی پالیسی کو اساس بنایا گیا ہے اور محکمہ تعلیم کی ضروریات کا تعین مستند اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا گیا ہے، اس منصوبہ بندی میں تمام وسائل کا تعین حکومت کے ایجوکیشن مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم (EMIS) کے اعداد و شمار کی بنیاد پر کیا گیا ہے۔ یہ طریقہ کار حکومتی منصوبہ بندی کے عمل سے بھی ہم آہنگ ہے جو وسائل کی شفاف تخصیص اور ان کے موزوں استعمال پر مبنی ہے۔ اس طریقہء کار کو اپناتے ہوئے تکنیکی طور پر موزوں اور سیاسی لحاظ سے قابل قبول تعلیمی اصلاحاتی ایجنڈا وضع کیا گیا ہے۔

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی:


مقاصد:

بنیادی معیارات پر مبنی منصوبہ بندی کا مقصد اعداد و شمار، پالیسی اور بجٹ کو اس طرح سے ہم آہنگ کرنا ہے کہ پالیسی سازی کے عمل اور اطلاق میں ترجیحات کے لیے وسائل کی تقسیم اس طرح سے ہو کہ جس سے تعلیمی ضروریات اور مسائل کو حل کیا جا سکے۔



طریقہء کار۔ Methodology:

اس منصوبہ بندی کا محور طالب علم ہے۔ تمام اہداف اور معیارات کے تعین کا مقصد بچوں کی معیاری تعلیم تک رسائی ہے۔ اس طریقہء کار کو اپناتے ہوئے اس بات کو یقینی بنانے کی کوشش کی گئی ہے کہ اس میں نہ صرف Education for All (EFA) کے مقاصد، بلکہ حکومت کے مقرر کردہ تعلیم کے معیارات کو بھی ملحوظِ خاطر رکھا جائے۔



اس ایجنڈا کی تشکیل کے لیے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مقرر کردہ کم از کم معیارات کو بھی مدنظر رکھا گیا ہے۔ راجن پور کے عوامی تعلیمی ایجنڈا میں اہداف کے تعین کیلئے حکومت کی طرف سے مقرر کردہ طلباء واساتذہ تناسب اور طلباء وکلاس روم کا تناسب بطور بنیادی معیار لیا گیا ہے۔ منصوبہ سازی کا یہ عمل ضلعی تعلیمی افسران کیلئے ایک مثال کے طور پر معاون ہوسکتا ہے، جس کو استعمال کرتے ہوئے دستیاب وسائل میں ضروریات اور مطالبات میں توازن قائم کیا جانا ممکن ہے منصوبہ سازی کے اس عمل میں درج ذیل مراحل شامل ہیں:

1- صورت حال کا تجزیہ:

منصوبہ سازی کے پہلے مرحلے میں اس بات کا تجزیہ کیا گیا کہ تعلیمی شعبہ کو درپیش مسائل کیا ہیں اور ضلع کے سکولوں کی ضروریات کیا ہیں۔ ان تمام ضروریات کا تخمینہ حکومت کے فراہم کردہ اعداد وشمار کی بنیاد پر کیا گیا۔

2- مالی وسائل کا تخمینہ:

اگلے مرحلے میں یہ جاننا ضروری تھا کہ ضلع کی سطح پر تعلیم کے لئے دستیاب مالی وسائل کتنے ہیں تاکہ منصوبہ بندی اس طرح کی جائے کہ دستیاب مالی وسائل سے ہم آہنگ ہو۔

3۔ ترجیحات کا تعین ۔ متعلقین کے درمیان مشاورت اور ہم آہنگی:

یہ سب سے اہم مرحلہ ہے جس میں اہداف مقرر کرنا وسائل کی تقسیم اور ترجیحات کا تعین شامل ہیں۔ محکمہ تعلیم میں مسائل کی ترجیحات اور ان کے مطابق وسائل کی تقسیم ہمیشہ ہی ایک بڑا سوال رہا ہے۔ پاکستان میں عمومی طور پر دیکھا گیا ہے کہ تعلیمی شعبہ کے لئے مختص سہولیات اور وسائل کا استعمال عوامی ضروریات کی بجائے سیاسی ترجیحات کے پیش نظر کیا جاتا ہے۔ اس تعلیمی ایجنڈا میں ترجیحات کا تعین ضلع میں منعقد کردہ مشاورتی اجلاسوں اور قومی تعلیمی پالیسی کے مقاصد کو مدنظر رکھ کر کیا گیا ہے۔

4- اہداف کا تعین:

ترجیحات طے کرنے کے بعد والدین، اساتذہ، سیاسی جماعتوں کے نمائندوں اور محکمہ تعلیم کے افسران وغیرہ کے ساتھ ایک مشاورتی عمل کے ذریعے تعلیمی ایجنڈا کے اہداف کا تعین کیا گیا۔

5- مالی وسائل کی تخصیص اور استعمال:

اہداف اور ترجیحات کے تعین کے بعد اہم مرحلہ وسائل کو مختص کرنا اور ان کا شفاف استعمال ہے۔ اس ایجنڈا میں وسائل ان موضوعات کے لیے مختص کرنے کا تجویز کیا گیا ہے جو تعلیمی پالیسی کے مطابق ترجیحات میں شامل ہیں۔ مثلاً بیت الخلا کی تعمیر کے حوالے سے سب سے پہلے لڑکیوں کے سکولوں کے لئے وسائل مختص کیے جانے چاہئیں کیونکہ قومی تعلیمی پالیسی 2009ء میں لڑکیوں کی تعلیم حکومتی ترجیح قرار پائی ہے۔

6- پالیسی میں تبدیلی کی بنیاد پر وسائل کی دوبارہ تخصیص:

ترجیحات میں تبدیلی یا کسی ہنگامی صورتحال، جیسا کہ قدرتی آفات کی صورت میں وسائل کی تخصیص پر نظر ثانی اور مالی وسائل دوبارہ سے مختص کیے جاسکتے ہیں۔

عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات

ضلع راجن پور کے شہری اس بات پر متفق ہیں کہ تعلیمی اصلاحات کے حوالے سے ان کی رائے کا احترام کیا جائے اور اس عمل میں ان کی شرکت کو یقینی بنایا جائے تا کہ ایک ایسی ٹھوس اور قابل عمل حکمتِ عملی تیار کی جا سکے جس سے راجن پور کو درپیش تعلیمی مسائل کا حل ممکن ہو سکے۔ انسٹیٹیوٹ آف سوشل اینڈ پالیسی سائنسز نے بھی ضلع کی تعلیمی صورتحال کے حوالے سے ایجنڈے کی تیاری میں عام شہریوں کی شرکت کو یقینی بنایا ہے، جس کے لیے I-SAPS نے مختلف اوقات میں میٹنگز اور مشاورتی اجلاس منعقد کیے، جس میں شہریوں کی رائے لی گئی اور مقامی محکمہ تعلیم کے افسران سے راہنمائی بھی حاصل کی گئی۔ یوں عوامی ایجنڈا برائے تعلیمی اصلاحات کی تشکیل تمام متعلقین کی آراء کی روشنی میں کی گئی ہے۔ اس عمل کے نتیجے میں تشکیل دیئے جانے والے ایجنڈا کے اساسی نکات درج ذیل ہیں:

1- ضلع میں تعلیمی صورتحال میں بہتری کے لئے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی کی فراہمی کو یقینی بنانا ہوگا۔

2- ضلع میں تعلیم تک رسائی کو آسان اور تعلیمی معیار کو بتدریج بہتر بنانا کلیدی اہمیت کا حامل ہے۔

3- ضلع میں تعلیمی صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے بنیادی سہولتوں کی فراہمی، معیار میں بہتری، کے لئے موزوں وسائل کی فراہمی کو لازم بنایا جائے۔


شہریوں اور رائے دہندگان نے جو ایجنڈا تشکیل دیا ہے اس کا مقصد عوامی نمائندوں اور اربابِ اختیار کو شواہد کی بنیاد پر مبنی منصوبہ بندی سے آگاہ کرنا ہے تا کہ وہ تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے کیلئے مناسب اقدامات کر سکیں۔

ضلع راجن پور کی تعلیمی صورتحال:


شہریوں کا مطالبہ: ضلع میں بہتر تعلیم کیلئے شرح داخلہ کو بہتر بنایا جائے۔

ضلع میں سکول جانے والے بچوں کی صورتحال کچھ اس طرح ہے:

ضلع میں داخلہ کی صورتحال	
ضلع میں 5-16 سال کے کُل بچے:	448,297
5-16 سال: سکول جانے والے بچے	187,774
سکول سے باہر بچے	260,522



ان بچوں کوسکول میں داخل کرانے کے لیے شہریوں نے 2013ء سے 2018ء تک کی منصوبہ بندی کی ہے اور سیاسی عمائدین وارباب اختیار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ بچوں کے سکول میں داخلے کو یقینی بنانے کیلئے اس منصوبہ پر عمل درآمد کریں۔ درج ذیل گراف میں مرحلہ وار بچوں کے داخلے کا پلان دیا گیا ہے، جو بیان کرتا ہے کہ اگلے پانچ سال میں سکولوں سے باہر تمام بچوں کو سکولوں میں بتدریج داخل کرنے کے لئے ہر سال کم از کم کتنے بچے سکول میں داخل کرانا ہوں گے۔ اس مرحلہ وار منصوبہ پر عمل کرتے ہوئے راجن پور میں سکولوں سے باہر تقریباً تمام بچوں کو 2018ء تک تعلیم تک رسائی دینا ممکن ہوگا۔




گورنمنٹ سکولوں کی تعداد:

ضلع میں گورنمنٹ سکولوں کی تعداد 1,119 ہے جن میں سے 659 لڑکوں کے سکول ہیں جبکہ لڑکیوں کے سکولوں کی تعداد 460 ہے۔

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے گورنمنٹ سکولوں کی تعداد بڑھائی جائے

5-16 سال کے تمام بچوں کو سکول میں داخل کرانے کیلئے ضروری ہے کہ گورنمنٹ سکولوں کی تعداد بڑھائی جائے کیونکہ موجودہ سکولوں کی تعداد نئے داخل ہونے والے بچوں کے لیے ناکافی ہے۔ راجن پور کے شہریوں کو حکومت کو درپیش مالی دشواریوں کا ادراک ہے لیکن اگلے پانچ سالوں میں مرحلہ وار نئے سکول بنا کر اس صورتحال سے نبرد آزما ہوا جا سکتا ہے۔

ضلع راجن پور کے شہری چاہتے ہیں کہ گورنمنٹ سکولوں کی تعداد 1,119 سے بڑھا کر 1,158 کی جائے تاکہ سکول نہ جا سکنے والے بچوں کو تعلیم تک رسائی دی جا سکے۔ اگلے پانچ سالوں میں پرائمری، مڈل اور ہائی سکول مرحلہ وار بڑھانے کے لیے درج ذیل گراف میں صوبائی تعلیمی بجٹ کو مدِنظر رکھتے ہوئے سالانہ اہداف دیئے گئے ہیں۔




ضلع راجن پور میں تعلیم تک رسائی کا مسئلہ حل کرنے کے لیے سکولوں کی تعداد میں یہ مرحلہ وار اضافہ سیاسی عمائدین اور ارباب اختیار کی توجہ اور عملی اقدامات کا متقاضی ہے۔

اساتذہ کی تعداد:

شہریوں کا مطالبہ: اساتذہ کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

ضلع میں اساتذہ کی تعداد صرف 4,274 ہے۔ اعداد و شمار سے پتا چلتا ہے کہ 57 فیصد اساتذہ پرائمری سکولوں میں جبکہ بالترتیب 19 فیصد مڈل اور 24 فیصد سیکنڈری سکولوں میں تعینات ہیں۔ 100 فیصد داخلہ کو یقینی بنانے کے لیے ضروری ہے کہ سکولوں کی تعداد بڑھانے کے ساتھ ساتھ اساتذہ کی تعداد بھی بڑھائی جائے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ 2017-18ء تک یہ تعداد 6,477 ہونی چاہیئے اور اگلے پانچ سالوں میں یہ تعداد مرحلہ وار بڑھائی جائے جو کہ حکومت اور فیصلہ سازوں کے مثبت اقدامات کی صورت میں ممکن ہے۔




نوٹ: ضمیمہ نمبر 1 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار مزید اساتذہ مہیا کیے جانے کی ضرورت ہے۔

سکولوں میں عدم دستیاب سہولتیں:

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے

سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے ضلع راجن پور کے سکولوں کی حالت فوری توجہ کی متقاضی ہے۔ اعداد و شمار ظاہر کرتے ہیں کہ 18 فیصد سکول چاردیواری کے بغیر ہیں، 12 فیصد سکولوں میں لیٹرین نہیں ہے، 71 فیصد میں بجلی کی سہولت نہیں ہے جبکہ 8 فیصد ایسے سکول ہیں جہاں پینے کے پانی کی سہولت



نوٹ: ضمیمہ نمبر 2 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار سہولتیں مہیا کرنے کی ضرورت ہے۔

موجودنہیں ہے۔سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی اوران کی صورتحال کوبہتر بنانے کے لیے شہریوں کے درمیان اتفاق رائے پایا گیا ہے۔اس اتفاق رائے کے نتیجے میں شہریوں نے سہولتوں کی فراہمی کے حوالے سے درج ذیل مرحلہ وارترجیحات مرتب کی ہیں:۔

1- شہریوں کے مطابق غیر محفوظ سکول عمارتوں کی مرمت اورمکمل بحالی پہلی ترجیح ہونی چاہیے۔

2- پینے کے صاف پانی کی فراہمی سکول جانے والے بچوں کی بنیادی ضرورت اوراس کی فراہمی اہم ترجیح ہے۔

3- چاردیواری کی فراہمی، شہریوں کا ایک اوراہم مطالبہ ہے،اورجس کی فراہمی کوجلد یقینی بنانا ہوگا۔

شہریوں نے سہولتوں کی فراہمی کے لیے مرحلہ وارلڑکیوں اورلڑکوں کے سکولوں کے حوالے سے منصوبہ بندی کی ہے جودرج ذیل ہے:

شہری یہ سمجھتے ہیں کہ سب سے پہلے ایسے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کویقینی بنانا ہوگا جہاں طلباء کا اندراج دیگر سکولوں کی نسبت زیادہ ہے۔ایسے سکولوں میں ترجیح درج ذیل بنیاد پر ہونی چاہیئے:

1- لڑکیوں کے سکول۔


2- ایسے سکول جن میں مخلوط تعلیم دی جاتی ہولیکن ان میں بچیوں کی تعداد زیادہ ہو۔

3- لڑکوں کے ایسے سکول جہاں شرح داخلہ زیادہ ہو۔

سکولوں میں طلباءاوراساتذہ کا تناسب:


شہریوں کا مطالبہ: تعلیمی معیار میں بہتری کیلئے طلباءاوراساتذہ کے تناسب کومتوازن کیا جائے۔

طلباءاوراساتذہ کا موزوں[1] تناسب معیاری تعلیم کی فراہمی کے حوالے سے ایک اہم عنصر ہے،لیکن ضلع راجن پورکے بہت سے تعلیمی اداروں میں طلباء اور اساتذہ کا تناسب انتہائی غیرمتوازن ہے۔ضلع میں ایسے سکولوں کی خاصی تعداد ہے جہاں یہ تناسب 6:1 (ہر چھ طالب علموں کے لئے ایک استاد) یااس سے بھی کم ہے جیسا کہ درج ذیل گراف میں ظاہر کیا گیا ہے۔




جبکہ ایسے بھی سکول ہیں جہاں 100 اوراس سے بھی زائد طلباء کے لئے فقط ایک استاد ہے،اگلے صفحہ پر گراف میں چند ایسے سکول دیئے گئے ہیں جہاں طلباءاساتذہ تناسب 175:1 یااس سے بھی زیادہ ہے۔

[1] گورنمنٹ کی پالیسی کے مطابق طلباءاوراساتذہ کا موزوں تناسب 40:1 ہے۔



سکولوں میں طلباءواساتذہ کا یہ تناسب دونوں صورتوں میں غیر متوازن ہے۔

شہری مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ تناسب صوبائی حکومت کے مقرر کردہ معیار، جو کہ 40 طلباء کے لئے 1 استاد کا تناسب معیاری تصور کرتا ہے، کے مطابق ہونا چاہیئے۔اس تناسب کو مرحلہ وار توازن پر لانے کے لیے اس ایجنڈا میں توجہ دی گئی ہے۔اس منصوبہ بندی کے اپنائے جانے کی صورت میں 2018ء تک تمام پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں میں یہ تناسب مرحلہ وار 40:1 تک ہوسکتا ہے۔




نوٹ: ضمیمہ نمبر 3 میں ایسے سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار طلباءاساتذہ تناسب متوازن کرنے کی ضرورت ہے۔

سکولوں میں اضافی کمرہ جماعت کی ضرورت:

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے سکولوں میں درکار کمرہ جماعت مہیا کیے جائیں

ضلع میں بہت سے سکول ایسے ہیں جہاں کمرہ جماعت کی ضرورت ہے، مگر وسائل کی عدم دستیابی کے باعث اور موثر منصوبہ بندی نہ ہوسکنے کے باعث ان کی تعمیر نہیں ہو پارہی۔اعداد وشمار کا تجزیہ یہ بتاتا ہے کہ اگلے پانچ سالوں میں موجودہ سکولوں میں 1,400 نئے کمرہ جماعت کی ضرورت ہوگی۔ یہ کمرہ جماعت پانچ سالوں میں مرحلہ وار تعمیر کیے جاسکتے ہیں۔ نئے کمرہ ہائے جماعت کی فراہمی کی منصوبہ بندی کرتے ہوئے ایسے سکولوں کو ترجیح دی گئی ہے جہاں فی جماعت طلباء کی تعداد کا تناسب سب سے زیادہ ہے۔



نوٹ: ضمیمہ نمبر 4 میں ایسے تمام سکولوں کے نام دیئے گئے ہیں جہاں مرحلہ وار اضافی کمرہ جماعت تعمیر کرنے کی ضرورت ہے۔


ضلع راجن پور کا تعلیمی بجٹ:

2012-13ء میں ضلع کا تعلیمی بجٹ 2 بلین روپے رکھا گیا جو فقط جاریہ اخراجات کی مد میں استعمال ہوا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ ترقیاتی کام جیسا کہ نئے سکولوں کی تعمیر، سکولوں میں نئے کمروں کی تعمیر، اپ گریڈیشن، بنیادی سہولتوں کی فراہمی اور سکول عمارت کی مرمت وغیرہ کے لیے وسائل صوبائی تعلیمی بجٹ سے استعمال کیے گئے۔ شہریوں کے مطابق شعبہء تعلیم کی ترقیاتی ضروریات کے حوالے سے ضلع کی سطح پر بھی وسائل مختص کرنا ہوں گے تاکہ ان سے فوری طور پر درکار بنیادی سہولتیں اور دوسری اہم ضروریات پوری کی جاسکیں۔ جاریہ بجٹ میں نان سیلری کے لیے مختص کردہ وسائل بھی موزوں نہیں۔ اس میں سے بھی زیادہ تر سہولیات جیسا کہ بجلی وغیرہ کے بلوں کی ادائیگی پر خرچ ہوجاتا ہے جبکہ کمرہ جماعت میں استعمال ہونے والی تدریسی معاونت کیلئے درکار اخراجات، ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے کوئی رقم دستیاب نہیں۔

شہریوں کا مطالبہ: بہتر تعلیم کیلئے ضلع کے تعلیمی بجٹ میں اضافہ کیا جائے

عوامی تعلیمی ایجنڈا میں مطالبہ کیا گیا ہے کہ اس رقم میں مرحلہ وار اضافہ کیا جائے تاکہ درکار تعلیمی ضرورات کو پورا کیا جاسکے۔

شہریوں کی مجوزہ منصوبہ بندی کے مطابق ضلع کو تعلیم کی مد میں 16.33 بلین روپے چاہئیں جس میں سے 90 فیصد تنخواہوں (Salary)، غیر تنخواہ اخراجات (Non Salary) اور 10 فیصد ترقیاتی اخراجات کی مد میں درکار ہونگے۔ راجن پور کے شہری یہ ادراک رکھتے ہیں کہ فوری طور پر اس رقم کا بندوبست کرنا صوبائی حکومت کے لئے ممکن نہ ہو۔ اس لیے اس ہدف کو حاصل کرنے کے لیے ذیل میں پانچ سالوں میں مرحلہ وار اضافہ تجویز کیا گیا ہے۔ یہ اضافہ راجن پور کے شہریوں کا مطالبہ اور راجن پور کے تمام بچوں کو معیاری تعلیم کی فراہمی کیلئے ضروری ہے۔ تعلیمی اصلاحات کے لئے درکار ان وسائل کی فراہمی کے لئے لازم ہے کہ تمام سیاسی قائدین اور ارباب اختیار کی عملی معاونت لازم ہے۔



ضمیمہ جات

ضمیمہ نمبر 1: اضافی اساتذہ کی ضرورت 14-2013

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
1	32420081	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی پولی	مردانہ	پرائمری	5
2	32410129	گورنمنٹ پرائمری سکول دین پور	مردانہ	پرائمری	9
3	32420486	گورنمنٹ پرائمری سکول درخوست میران خان	مردانہ	پرائمری	7
4	32420154	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی جٹ ویسٹ	مردانہ	پرائمری	4
5	32430076	گورنمنٹ پرائمری سکول کین	مردانہ	پرائمری	3
6	32420142	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی محمد اکرم	مردانہ	پرائمری	3
7	32430207	گورنمنٹ پرائمری سکول حاصل پن وار	مردانہ	پرائمری	6
8	32410068	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ پیرو والا	مردانہ	پرائمری	6
9	32420471	گورنمنٹ پرائمری سکول چک احمدانی	مردانہ	پرائمری	3
10	32420070	گورنمنٹ پرائمری سکول بیت آرائین	مردانہ	پرائمری	3
11	32410125	گورنمنٹ پرائمری سکول موچی والا	مردانہ	پرائمری	5
12	32410523	گورنمنٹ پرائمری سکول چک نیو آباد	مردانہ	پرائمری	3
13	32430078	گورنمنٹ پرائمری سکول مالک خان	مردانہ	پرائمری	2
14	32410572	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی صیف اللہ	زنانہ	پرائمری	2
15	32420123	گورنمنٹ پرائمری سکول فاضل آباد	مردانہ	پرائمری	7
16	32410214	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول مران پور شمالی	مردانہ	مڈل	9
17	32430016	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی مکورا	مردانہ	مڈل	7
18	32410036	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول اسلام پور	مردانہ	مڈل	4
19	32420343	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بستی پھلی	زنانہ	مڈل	4
20	32410059	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول محمد پور نمبر 2	مردانہ	مڈل	11
21	32410434	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول میران پور شمالی	زنانہ	مڈل	4
22	32410127	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بولے والا	مردانہ	مڈل	7
23	32410217	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بکھر پور	مردانہ	مڈل	3
24	32430177	گورنمنٹ سی ایم گرلز ایلیمنٹری سکول شوکت آباد	زنانہ	مڈل	3
25	32430044	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول سنگت بزدار	مردانہ	مڈل	6
26	32430103	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول عارف والا	مردانہ	مڈل	3
27	32410203	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول اقبال نگر	مردانہ	مڈل	5
28	32430019	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کوٹلہ حسین شاہ	زنانہ	مڈل	3
29	32430011	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی پنجاب	مردانہ	مڈل	8
30	32410032	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول لنگرائل والا	مردانہ	مڈل	5
31	32420031	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلہ شیر محمد	مردانہ	مڈل	12
32	32410033	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نواں شہر	مردانہ	مڈل	4
33	32430152	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول سون میانی نمبر 1	زنانہ	مڈل	2
34	32430174	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول مولوی مچھائن	زنانہ	مڈل	2
35	32420276	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول نوشہرہ شرقی	زنانہ	مڈل	5
36	32430013	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نبی شاہ	مردانہ	مڈل	5

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
37	32410109	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی چائینہ	مردانہ	مڈل	8
38	32410038	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول چھتول	مردانہ	مڈل	3
39	32410057	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول جام پور نمبر 2	مردانہ	مڈل	6

اضافی اساتذہ کی ضرورت 2014-15

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
1	32410144	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ ڈر محمد	مردانہ	پرائمری	2
2	32410372	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی غدن	زنانہ	پرائمری	2
3	32420184	گورنمنٹ پرائمری سکول کچہ فریدہ آباد	مردانہ	پرائمری	5
4	32430134	گورنمنٹ پرائمری سکول مبارک سما جانبر 1	مردانہ	پرائمری	2
5	32420458	گورنمنٹ پرائمری سکول جندوداآرائین	مردانہ	پرائمری	2
6	32420473	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ گسورا	مردانہ	پرائمری	2
7	32410154	گورنمنٹ پرائمری سکول احمد آباد	مردانہ	پرائمری	2
8	32410270	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی رندن نمبر 2	زنانہ	پرائمری	4
9	32420065	گورنمنٹ پرائمری سکول رانا جعفر علی	مردانہ	پرائمری	2
10	32420155	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ علی محمد	مردانہ	پرائمری	2
11	32430081	گورنمنٹ پرائمری سکول حضور بخش جٹ	مردانہ	پرائمری	2
12	32420266	گورنمنٹ پرائمری سکول چاہ نظر ووالا	مردانہ	پرائمری	4
13	32410527	گورنمنٹ پرائمری سکول قریشی آباد	مردانہ	پرائمری	2
14	32420465	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی نور محمد بوہر	مردانہ	پرائمری	2
15	32420556	گورنمنٹ پرائمری سکول فیض آباد	مردانہ	پرائمری	2
16	32430226	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی جانی ملک کچہ لالان	مردانہ	پرائمری	2
17	32410116	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی سیکھانی بستی نون	مردانہ	پرائمری	2
18	32410122	گورنمنٹ پرائمری سکول محمد آباد چاہ درخان والا	مردانہ	پرائمری	2
19	32430166	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی خدمت دین	زنانہ	پرائمری	2
20	32430210	گورنمنٹ پرائمری سکول اللہ بخش سنجرانی	مردانہ	پرائمری	2
21	32410112	گورنمنٹ پرائمری سکول دولت والا	مردانہ	پرائمری	3
22	32420141	گورنمنٹ پرائمری سکول گل خان	مردانہ	پرائمری	2
23	32410413	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی لیغاری	زنانہ	پرائمری	2
24	32420453	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی خواجہ	زنانہ	پرائمری	7
25	32420128	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی لشاری	مردانہ	پرائمری	2
26	32410484	گورنمنٹ پرائمری سکول مکتب محمد ہراہ	مردانہ	پرائمری	3
27	32430095	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بھراہ	مردانہ	پرائمری	2
28	32420115	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹ والی محمد	مردانہ	پرائمری	2
29	32410458	گورنمنٹ پرائمری سکول براران	مردانہ	پرائمری	2
30	32420325	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مڈ احمد بخش بوہر	زنانہ	پرائمری	3

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
31	32420407	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی رندانی	زنانہ	پرائمری	3
32	32410145	گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی میر حزر کالیا	مردانہ	پرائمری	5
33	32420481	گورنمنٹ پرائمری سکول نواز آرائین	مردانہ	پرائمری	2
34	32420468	گورنمنٹ پرائمری سکول تھیری	مردانہ	پرائمری	2
35	32410401	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول عرجانی والا	زنانہ	پرائمری	3
36	32410405	گورنمنٹ سی ایم گرلز پرائمری سکول اسلام پور	زنانہ	پرائمری	2
37	32410066	گورنمنٹ پرائمری سکول وجے والا	مردانہ	پرائمری	2
38	32420163	گورنمنٹ پرائمری سکول ٹونگ	مردانہ	پرائمری	4
39	32420568	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی پیر بخش حجانہ اور انور بطوانی	مردانہ	پرائمری	1
40	32410304	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رقبہ لندن نمبر 2	زنانہ	پرائمری	1
41	32420456	گورنمنٹ پرائمری سکول خیراہ حنکانی	مردانہ	پرائمری	1
42	32420472	گورنمنٹ پرائمری سکول بیدانی	مردانہ	پرائمری	1
43	32410182	گورنمنٹ پرائمری سکول جمال آباد پی اوداجل	مردانہ	پرائمری	1
44	32420120	گورنمنٹ پرائمری سکول ظاہر پیر بستی لشاری والا	مردانہ	پرائمری	1
45	32420393	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی شہید	زنانہ	پرائمری	3
46	32420066	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹلہ حضوری	مردانہ	پرائمری	1
47	32430205	گورنمنٹ پرائمری سکول کوراسہیجا	مردانہ	پرائمری	1
48	32420092	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی لال خان	مردانہ	پرائمری	3
49	32410396	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی یار شا نمبر 1	زنانہ	پرائمری	5
50	32420165	گورنمنٹ پرائمری سکول جمال شاہ	مردانہ	پرائمری	3
51	32410071	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹلہ داہا تحصیل جام پور	مردانہ	پرائمری	5
52	32430090	گورنمنٹ پرائمری سکول سلیم خان	مردانہ	پرائمری	1
53	32410310	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بمپلی	زنانہ	پرائمری	1
54	32410062	گورنمنٹ پرائمری سکول مداری والا	مردانہ	پرائمری	1
55	32410277	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی حلالی والا	زنانہ	پرائمری	3
56	32420225	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بدھانی	مردانہ	پرائمری	1
57	32410496	گورنمنٹ پرائمری سکول رانا نگر پی اوداجل	مردانہ	پرائمری	1
58	32420073	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی رندن	مردانہ	پرائمری	1
59	32410349	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوئی کرائی	زنانہ	پرائمری	2
60	32410418	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ادھی والا	زنانہ	پرائمری	5
61	32420145	گورنمنٹ پرائمری سکول تنوری نمبر 2	مردانہ	پرائمری	1
62	32410248	گورنمنٹ پرائمری سکول مختار آباد	مردانہ	پرائمری	1
63	32420399	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ٹڈ زہرانی	زنانہ	پرائمری	1
64	32410105	گورنمنٹ پرائمری سکول پول والا جام پور	مردانہ	پرائمری	4
65	32410225	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی رحیم داد	مردانہ	پرائمری	1
66	32430130	گورنمنٹ پرائمری سکول شیر جان نمبر 1	مردانہ	پرائمری	1
67	32410394	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی پیٹافی	زنانہ	پرائمری	2
68	32420139	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی کدوخان	مردانہ	پرائمری	1

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
69	32420208	گورنمنٹ پرائمری سکول شنی کوارٹر	مردانہ	پرائمری	1
70	32420318	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول فیض آباد	زنانہ	پرائمری	2
71	32420466	گورنمنٹ پرائمری سکول پولی آرائین	مردانہ	پرائمری	1
72	32410089	گورنمنٹ پرائمری سکول کدووالا	مردانہ	پرائمری	2
73	32420236	گورنمنٹ پرائمری سکول افضل آباد	مردانہ	پرائمری	1
74	32410067	گورنمنٹ پرائمری سکول فیض آباد	مردانہ	پرائمری	2
75	32430117	گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی احمد	مردانہ	پرائمری	1
76	32410061	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ نور محمد	مردانہ	پرائمری	1
77	32410146	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ عبدالسمیع	مردانہ	پرائمری	2
78	32410276	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منظور آباد	زنانہ	پرائمری	1
79	32410437	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مسعود آباد	زنانہ	پرائمری	1
80	32410119	گورنمنٹ پرائمری سکول قاسم والا	مردانہ	پرائمری	2
81	32410461	گورنمنٹ پرائمری سکول نامریدی	مردانہ	پرائمری	1
82	32410558	گورنمنٹ پرائمری سکول خلیل آباد	مردانہ	پرائمری	2
83	32430201	گورنمنٹ پرائمری سکول برام گاندھی	مردانہ	پرائمری	1
84	32410096	گورنمنٹ پرائمری سکول گل محمد دستی	مردانہ	پرائمری	1
85	32420302	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹلہ رابیت	زنانہ	پرائمری	1
86	32420091	گورنمنٹ پرائمری سکول گوپنگ نمبر 1	مردانہ	پرائمری	2
87	32410549	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی نظر سونترا	مردانہ	پرائمری	1
88	32410444	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول گریکنہ وزیری	زنانہ	پرائمری	1
89	32410567	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول محمد پور حنبھی	زنانہ	پرائمری	1
90	32420039	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کوٹلہ شیر محمد	زنانہ	مڈل	8
91	32420153	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول محیب علی	مردانہ	مڈل	4
92	32410100	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول جام پور نمبر 3	مردانہ	مڈل	5
93	32420032	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول رکھ ریکھ	مردانہ	مڈل	4
94	32430157	گورنمنٹ سی ایم گرلز ایلیمنٹری سکول کچا میاں والی	زنانہ	مڈل	2
95	32410099	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول جام پور نمبر 1	مردانہ	مڈل	3
96	32410040	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نور پور منجھو والا	مردانہ	مڈل	3
97	32420035	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول عاصف آباد	مردانہ	مڈل	4
98	32420038	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول جاگیر گبول	مردانہ	مڈل	6
99	32410048	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بستی تفقی	زنانہ	مڈل	3
100	32420345	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بخاری شریف	زنانہ	مڈل	3
101	32410360	گورنمنٹ سی ایم گرلز ایلیمنٹری سکول کوٹلہ دیوان	زنانہ	مڈل	4
102	32420022	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول وسیم آباد	مردانہ	مڈل	3
103	32420253	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلہ داد	مردانہ	مڈل	2
104	32420311	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول چاہ لال خان	زنانہ	مڈل	2
105	32410124	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول رستم لیغاری بستی لیغاری	مردانہ	مڈل	3

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
106	32410323	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول جام پور نمبر 4	زنانہ	مڈل	2
107	32420308	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول ساہن پور	زنانہ	مڈل	2
108	32410050	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول لال گڑھ	زنانہ	مڈل	1
109	32430045	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول نیو خان	مردانہ	مڈل	3
110	32420029	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلہ رابیت	مردانہ	مڈل	3
111	32420157	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلہ رحیم شاہ	مردانہ	مڈل	2

اضافی اساتذہ کی ضرورت 2015-16

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
1	32410128	گورنمنٹ پرائمری سکول سرور آباد	مردانہ	پرائمری	1
2	32410414	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی سکھانی	زنانہ	پرائمری	2
3	32410272	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی رندن	زنانہ	پرائمری	1
4	32420353	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی ولی محمد	زنانہ	پرائمری	3
5	32420166	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی صادق	مردانہ	پرائمری	2
6	32410382	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی بلھورا	زنانہ	پرائمری	2
7	32420492	گورنمنٹ پرائمری سکول گلووالے	مردانہ	پرائمری	1
8	32410151	گورنمنٹ پرائمری سکول میران پور کالونی حاجی پور	مردانہ	پرائمری	2
9	32420063	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی شہید	مردانہ	پرائمری	1
10	32420213	گورنمنٹ پرائمری سکول پتی جمعہ ارئن	مردانہ	پرائمری	1
11	32420182	گورنمنٹ پرائمری سکول بورس آباد	مردانہ	پرائمری	1
12	32410183	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی دال	مردانہ	پرائمری	2
13	32410069	گورنمنٹ پرائمری سکول محمد پور نمبر 3	مردانہ	پرائمری	3
14	32430033	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی دوراہن	مردانہ	پرائمری	1
15	32410301	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی چنار	زنانہ	پرائمری	2
16	32430122	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام حسین	مردانہ	پرائمری	1
17	32420072	گورنمنٹ پرائمری سکول فرید آباد	مردانہ	پرائمری	1
18	32420168	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی رکھیا	مردانہ	پرائمری	2
19	32420111	گورنمنٹ پرائمری سکول حضور بخش بلھورا	مردانہ	پرائمری	1
20	32410486	گورنمنٹ پرائمری سکول شیر علی چنگ	مردانہ	پرائمری	1
21	32420522	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی خمیسہ گوپنگ	مردانہ	پرائمری	1
22	32410253	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی یار شاہ نمبر 2	زنانہ	پرائمری	2
23	32420234	گورنمنٹ پرائمری سکول شہزند وخان	مردانہ	پرائمری	1
24	32420482	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام اکبر ہورا	مردانہ	پرائمری	1
25	32410395	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی پیر بخش	زنانہ	پرائمری	3
26	32420354	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بروس آباد	زنانہ	پرائمری	2
27	32410455	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی غلام حسین	مردانہ	پرائمری	1
28	32430255	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ملک راہو	زنانہ	پرائمری	1

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
29	32410246	گورنمنٹ پرائمری سکول دلووالا	مردانہ	پرائمری	1
30	32410065	گورنمنٹ پرائمری سکول چاک شاہ والا	مردانہ	پرائمری	2
31	32420104	گورنمنٹ پرائمری سکول فیض آباد	مردانہ	پرائمری	4
32	32410433	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لنڈی سیداں	زنانہ	پرائمری	4
33	32420307	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی بھیا	زنانہ	پرائمری	4
34	32420075	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی پری	مردانہ	پرائمری	1
35	32410164	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی محمد افضل	مردانہ	پرائمری	1
36	32410073	گورنمنٹ پرائمری سکول نیو کریم آباد	مردانہ	پرائمری	2
37	32420140	گورنمنٹ پرائمری سکول میشوری ایسٹ	مردانہ	پرائمری	2
38	32420114	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی شمیر	مردانہ	پرائمری	2
39	32410565	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی ندیم شاہ	زنانہ	پرائمری	2
40	32420122	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی دستی	مردانہ	پرائمری	2
41	32430155	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول شہزاد ماڈل فارم	زنانہ	پرائمری	2
42	32410078	گورنمنٹ پرائمری سکول رحیم آباد	مردانہ	پرائمری	3
43	32420160	گورنمنٹ پرائمری سکول تبہ گو پنگ	مردانہ	پرائمری	1
44	32410361	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول محمد افضل	زنانہ	پرائمری	2
45	32410293	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی لسکانی	زنانہ	پرائمری	2
46	32410188	گورنمنٹ پرائمری سکول منیر نگر پی اوو جال تحصیل جامپور	مردانہ	پرائمری	2
47	32420296	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حبیب آباد	زنانہ	پرائمری	2
48	32410524	گورنمنٹ پرائمری سکول راشد آباد	مردانہ	پرائمری	1
49	32410123	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی حافظ	مردانہ	پرائمری	4
50	32420226	گورنمنٹ پرائمری سکول جدید مسیانی	مردانہ	پرائمری	2
51	32410404	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جاتن تھیبر	زنانہ	پرائمری	1
52	32410408	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول خالد آباد	زنانہ	پرائمری	2
53	32430077	گورنمنٹ پرائمری سکول شمس آباد	مردانہ	پرائمری	2
54	32430125	گورنمنٹ پرائمری سکول گھلو کھمبرہ	مردانہ	پرائمری	1
55	32420510	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی مولانا	مردانہ	پرائمری	1
56	32420514	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی غلام اکبر	مردانہ	پرائمری	1
57	32430029	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام محمد لالانی	مردانہ	پرائمری	2
58	32410436	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وجے والا	زنانہ	پرائمری	1
59	32410090	گورنمنٹ پرائمری سکول عزیز آباد	مردانہ	پرائمری	1
60	32420488	گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی محمد عیسیٰ بوسان	مردانہ	پرائمری	2
61	32410086	گورنمنٹ پرائمری سکول مقامی والا	مردانہ	پرائمری	2
62	32410501	گورنمنٹ پرائمری سکول مختام محل	مردانہ	پرائمری	1
63	32420254	گورنمنٹ پرائمری سکول جھالر عبدرحمان	مردانہ	پرائمری	2
64	32410160	گورنمنٹ پرائمری سکول حیدر آباد	مردانہ	پرائمری	1
65	32410400	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بھانو والا	زنانہ	پرائمری	2
66	32430121	گورنمنٹ پرائمری سکول کچا گدی	مردانہ	پرائمری	1

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
67	32430172	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی حضور بخش	زنانہ	پرائمری	2
68	32410457	گورنمنٹ پرائمری سکول درسگاہ محمد یا	مردانہ	پرائمری	1
69	32410402	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹلا دہا	زنانہ	پرائمری	1
70	32420499	گورنمنٹ پرائمری سکول سردار چنگ	مردانہ	پرائمری	1
71	32410269	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی پنجابی	زنانہ	پرائمری	2
72	32420204	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بوہر	مردانہ	پرائمری	2
73	32420239	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹ سبزال	مردانہ	پرائمری	1
74	32430218	گورنمنٹ پرائمری سکول تھوزانی	مردانہ	پرائمری	1
75	32410167	گورنمنٹ پرائمری سکول ملکانی	مردانہ	پرائمری	1
76	32410171	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ ملک عظمت والا	مردانہ	پرائمری	1
77	32410110	گورنمنٹ پرائمری سکول قادیر آباد	مردانہ	پرائمری	1
78	32420101	گورنمنٹ پرائمری سکول چک ہورا	مردانہ	پرائمری	1
79	32430116	گورنمنٹ پرائمری سکول باغون والا	مردانہ	پرائمری	1
80	32430037	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ قادیرہ	مردانہ	پرائمری	1
81	32420194	گورنمنٹ پرائمری سکول چک بابول	مردانہ	پرائمری	1
82	32430129	گورنمنٹ پرائمری سکول پوری وار	مردانہ	پرائمری	1
83	32410165	گورنمنٹ پرائمری سکول پٹوالی	مردانہ	پرائمری	1
84	32420485	گورنمنٹ پرائمری سکول چک لسف پور	مردانہ	پرائمری	1
85	32420474	گورنمنٹ پرائمری سکول فقیر آباد	مردانہ	پرائمری	1
86	32430261	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رفیق سنگی	زنانہ	پرائمری	1
87	32410266	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی بہادور	زنانہ	پرائمری	1
88	32430092	گورنمنٹ پرائمری سکول کچارازی	مردانہ	پرائمری	1
89	32420470	گورنمنٹ پرائمری سکول محمد خان گوپنگ	مردانہ	پرائمری	1
90	32410504	گورنمنٹ پرائمری سکول نواز آباد نمبر 1	مردانہ	پرائمری	1
91	32420340	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی محبّ علی	زنانہ	پرائمری	2
92	32420149	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی محمد نواز	مردانہ	پرائمری	1
93	32410399	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بہار پیر	زنانہ	پرائمری	3
94	32420055	گورنمنٹ پرائمری سکول بروت	مردانہ	پرائمری	1
95	32420202	گورنمنٹ پرائمری سکول محمد پور غم والا	مردانہ	پرائمری	1
96	32410552	گورنمنٹ پرائمری سکول خلیل آباد	مردانہ	پرائمری	2
97	32410573	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول یاراوالا	زنانہ	پرائمری	1
98	32430109	گورنمنٹ پرائمری سکول میانی محمود	مردانہ	پرائمری	1
99	32420243	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹلہ بختار	مردانہ	پرائمری	1
100	32420143	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی حضور بخش	مردانہ	پرائمری	1
101	32410080	گورنمنٹ پرائمری سکول میاں پیر بخش	مردانہ	پرائمری	1
102	32410469	گورنمنٹ پرائمری سکول جان نگر	مردانہ	پرائمری	1
103	32410505	گورنمنٹ پرائمری سکول چک چائینہ	مردانہ	پرائمری	1
104	32430118	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام محمد دلانی	مردانہ	پرائمری	1

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
105	32410233	گورنمنٹ پرائمری سکول گرکانا وزیری	مردانہ	پرائمری	1
106	32410205	گورنمنٹ پرائمری سکول صادق آباد کالوی	مردانہ	پرائمری	2
107	32430059	گورنمنٹ پرائمری سکول ملک مراد	مردانہ	پرائمری	1
108	32420389	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول فردوسی فارم	زنانہ	پرائمری	1
109	32410420	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول لیاقت آباد	زنانہ	پرائمری	2
110	32430120	گورنمنٹ پرائمری سکول مبارک سمیجا نمبر 2	مردانہ	پرائمری	1
111	32420200	گورنمنٹ پرائمری سکول چکی محمد پور	مردانہ	پرائمری	1
112	32420212	گورنمنٹ پرائمری سکول محمود گوجر	مردانہ	پرائمری	1
113	32420215	گورنمنٹ پرائمری سکول بخاری شریف	مردانہ	پرائمری	1
114	32430053	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی گندی	مردانہ	پرائمری	1
115	32410152	گورنمنٹ پرائمری سکول لڈن (حاجی پور) سنوہ	مردانہ	پرائمری	1
116	32420113	گورنمنٹ پرائمری سکول نیو کان والا	مردانہ	پرائمری	1
117	32410273	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی پیر بخش	زنانہ	پرائمری	1
118	32410286	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نواں شہر	زنانہ	پرائمری	1
119	32410355	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رحمان آباد	زنانہ	پرائمری	1
120	32420285	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی شاہ علی	زنانہ	پرائمری	1
121	32420480	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی ہجانا	مردانہ	پرائمری	1
122	32410063	گورنمنٹ پرائمری سکول پل شاہ والا	مردانہ	پرائمری	1
123	32410213	گورنمنٹ پرائمری سکول بھورے خان	مردانہ	پرائمری	1
124	32410309	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دریگری	زنانہ	پرائمری	1
125	32420494	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ مچھی	مردانہ	پرائمری	1
126	32410415	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول دن پور	زنانہ	پرائمری	1
127	32410417	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول سید پور	زنانہ	پرائمری	1
128	32420430	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول منصور جمرہ	زنانہ	پرائمری	2
129	32430199	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی سرگانی	مردانہ	پرائمری	1
130	32420129	گورنمنٹ پرائمری سکول کالان پور	مردانہ	پرائمری	3
131	32420424	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹلہ داد	زنانہ	پرائمری	1
132	32420518	گورنمنٹ پرائمری سکول اختر آباد	مردانہ	پرائمری	1
133	32420084	گورنمنٹ پرائمری سکول ساہاں والا	مردانہ	پرائمری	1
134	32430047	گورنمنٹ پرائمری سکول عمر کوٹ	مردانہ	پرائمری	1
135	32410229	گورنمنٹ پرائمری سکول بمبلی	مردانہ	پرائمری	1
136	32420096	گورنمنٹ پرائمری سکول بھکشاوالی	مردانہ	پرائمری	1
137	32410424	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پٹ والی	زنانہ	پرائمری	1
138	32410451	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی واجا موزہ بستی واجا	مردانہ	پرائمری	1
139	32410262	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول جام محمد سلرہ	زنانہ	پرائمری	2
140	32410249	گورنمنٹ پرائمری سکول کرے والا	مردانہ	پرائمری	1
141	32430107	گورنمنٹ پرائمری سکول خادیم حسین	مردانہ	پرائمری	1
142	32420457	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ بیت سنترہ	مردانہ	پرائمری	0

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
143	32410559	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کورے والا	زنانہ	پرائمری	1
144	32420388	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مڈ احمد بخش	زنانہ	پرائمری	1
145	32410545	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی سوہارہ خان کلیری	مردانہ	پرائمری	0
146	32410312	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول تبی سوگی	زنانہ	پرائمری	1
147	32410470	گورنمنٹ پرائمری سکول خورشید آباد بستی جیون والا موزہ کوٹ طاہر	مردانہ	پرائمری	0
148	32410319	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول وانی خوسہ	زنانہ	پرائمری	1
149	32420312	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول پیر بخش خاص	زنانہ	پرائمری	1
150	32410453	گورنمنٹ پرائمری سکول طوبہ جدید بستی	مردانہ	پرائمری	1
151	32420220	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی نیو لاکھا	مردانہ	پرائمری	2
152	32420298	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی دستی	زنانہ	پرائمری	1
153	32430036	گورنمنٹ پرائمری سکول قادیر اجدید	مردانہ	پرائمری	1
154	32420109	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی چاہ لال خان	مردانہ	پرائمری	1
155	32410422	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی دنور	زنانہ	پرائمری	2
156	32430250	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول محبوب ننگا	زنانہ	پرائمری	1
157	32420192	گورنمنٹ پرائمری سکول جھر بھر	مردانہ	پرائمری	1
158	32410450	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی لیغاری موسیٰ اللہ آباد	مردانہ	پرائمری	0
159	32420504	گورنمنٹ پرائمری سکول شیر گڑھ	مردانہ	پرائمری	0
160	32410240	گورنمنٹ پرائمری سکول مرید حسین	مردانہ	پرائمری	0
161	32410476	گورنمنٹ پرائمری سکول پتی گدی	مردانہ	پرائمری	1
162	32420064	گورنمنٹ پرائمری سکول بیت سونترہ	مردانہ	پرائمری	2
163	32420219	گورنمنٹ پرائمری سکول چک شکاری	مردانہ	پرائمری	1
164	32410161	گورنمنٹ پرائمری سکول رکھ گھوسی پور	مردانہ	پرائمری	0
165	32420175	گورنمنٹ پرائمری سکول مچھیکا	مردانہ	پرائمری	1
166	32410493	گورنمنٹ پرائمری سکول داہر والی	مردانہ	پرائمری	0
167	32430040	گورنمنٹ پرائمری سکول دھورا حاصل	مردانہ	پرائمری	1
168	32430183	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی نیاز میران پور	زنانہ	پرائمری	0
169	32430198	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول نبی شاہ	زنانہ	پرائمری	0
170	32430203	گورنمنٹ پرائمری سکول رقبہ تنگی	مردانہ	پرائمری	0
171	32420102	گورنمنٹ پرائمری سکول مڈ حاجی جتن	مردانہ	پرائمری	1
172	32410179	گورنمنٹ پرائمری سکول منظور آباد ہوٹی پی او داجل تحصیل جام پور	مردانہ	پرائمری	1
173	32410117	گورنمنٹ پرائمری سکول شہید والا جام پور	مردانہ	پرائمری	1
174	32410466	گورنمنٹ پرائمری سکول جھندیر	مردانہ	پرائمری	0
175	32420131	گورنمنٹ پرائمری سکول خدا بخش سونترہ	مردانہ	پرائمری	1
176	32430066	گورنمنٹ پرائمری سکول شیر خان	مردانہ	پرائمری	1
177	32430091	گورنمنٹ پرائمری سکول پیر بخش خاص	مردانہ	پرائمری	0
178	32430115	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی سنجرانی	مردانہ	پرائمری	0
179	32420210	گورنمنٹ پرائمری سکول جہاں پور	مردانہ	پرائمری	0
180	32420221	گورنمنٹ پرائمری سکول گبول دھوندی	مردانہ	پرائمری	0

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
181	32430214	گورنمنٹ پرائمری سکول درس عثمان	مردانہ	پرائمری	1
182	32420087	گورنمنٹ پرائمری سکول فقیر محمد چنگ	مردانہ	پرائمری	0
183	32410366	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ویگری والا	زنانہ	پرائمری	0
184	32410244	گورنمنٹ پرائمری سکول گرہی سلطان شاہ	مردانہ	پرائمری	1
185	32420074	گورنمنٹ پرائمری سکول قاسم پور	مردانہ	پرائمری	1
186	32430064	گورنمنٹ پرائمری سکول قدرا سیلا تانی	مردانہ	پرائمری	1
187	32420552	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی سپل متھن کوٹ	زنانہ	پرائمری	2
188	32430206	گورنمنٹ پرائمری سکول قلندری بخش ردھانی	مردانہ	پرائمری	0
189	32420475	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی جسکانی	مردانہ	پرائمری	0
190	32410288	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کولوئی والا	زنانہ	پرائمری	0
191	32410490	گورنمنٹ پرائمری سکول داجل	مردانہ	پرائمری	1
192	32420078	گورنمنٹ پرائمری سکول ٹمتاج محمد	مردانہ	پرائمری	1
193	32410500	گورنمنٹ پرائمری سکول بگھری بھوہروالی ھاتی پی اوداجل	مردانہ	پرائمری	0
194	32430251	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی عشق	مردانہ	پرائمری	0
195	32410537	گورنمنٹ پرائمری سکول رقبہ لندن	مردانہ	پرائمری	0
196	32430042	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹ والی	مردانہ	پرائمری	0
197	32420094	گورنمنٹ پرائمری سکول اقبال نگر	مردانہ	پرائمری	1
198	32410140	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام محمد	مردانہ	پرائمری	0
199	32410464	گورنمنٹ پرائمری سکول چاہ ماچھی والا	مردانہ	پرائمری	0
200	32410197	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی اسارن	مردانہ	پرائمری	1
201	32420450	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی جسکانی	زنانہ	پرائمری	1
202	32430197	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی شیر محمد	زنانہ	پرائمری	1
203	32420309	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول موزہ تھیری	زنانہ	پرائمری	1
204	32420555	گورنمنٹ ایم پرائمری سکول میر حضر	مردانہ	پرائمری	1
205	32410072	گورنمنٹ پرائمری سکول بھنووالا	مردانہ	پرائمری	1
206	32410081	گورنمنٹ پرائمری سکول محل مکوال	مردانہ	پرائمری	1
207	32420363	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کوٹلہ گدے شاہ	زنانہ	پرائمری	1
208	32420464	گورنمنٹ پرائمری سکول غلام سرور گھوسارا	مردانہ	پرائمری	1
209	32420479	گورنمنٹ پرائمری سکول ٹملوسی	مردانہ	پرائمری	0
210	32410226	گورنمنٹ پرائمری سکول پناعلی	مردانہ	پرائمری	1
211	32410432	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رقبہ لندن نمبر 1	زنانہ	پرائمری	1
212	32410194	گورنمنٹ پرائمری سکول کوٹھہ جندو پی اوداجل	مردانہ	پرائمری	1
213	32420400	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی لکھا	زنانہ	پرائمری	1
214	32410131	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ٹاٹروالا	مردانہ	مڈل	4
215	32430015	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول ڈیرادلدار	مردانہ	مڈل	3
216	32410104	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بابل والی	مردانہ	مڈل	2
217	32410503	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول میاں دافارم	مردانہ	مڈل	1
218	32410166	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی چھنار	مردانہ	مڈل	2

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ	ضرورت اضافی اساتذہ
219	32410428	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول مڈ جام درمحمد	زنانہ	مڈل	1
220	32420037	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول کوٹلہ احسان	مردانہ	مڈل	3
221	32420271	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کوٹلہ اندرون	زنانہ	مڈل	1
222	32430087	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی چھاچھراں	مردانہ	مڈل	1
223	32430014	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول روجھان شرکئی	مردانہ	مڈل	1
224	32420040	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول مہرے والا	زنانہ	مڈل	2
225	32410192	گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول بستی دھاندلے والا	مردانہ	مڈل	1
226	32420446	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول رقبہ نبی شاہ	زنانہ	مڈل	1
227	32410378	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول بستی اعوان	زنانہ	مڈل	1
228	32420049	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول کوٹلہ احسان	زنانہ	مڈل	1

ضمیمہ نمبر 2: ضلع راجن پور کے سکولوں میں بنیادی سہولتوں کی فراہمی کا سالانہ منصوبہ

عمارت کے بغیر سکولوں کے نام :

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ
1	32410523	گورنمنٹ پرائمری سکول چک نیو آباد	مردانہ	پرائمری
2	32430134	گورنمنٹ پرائمری سکول مبارک سما جانمبر 1	مردانہ	پرائمری
3	32410469	گورنمنٹ پرائمری سکول جان نگر	مردانہ	پرائمری
4	32430226	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی جانی ملک کچا لالن	مردانہ	پرائمری
5	32410458	گورنمنٹ پرائمری سکول بارارن	مردانہ	پرائمری
6	32430201	گورنمنٹ پرائمری سکول برھم گاندھی	مردانہ	پرائمری
7	32430022	گورنمنٹ پرائمری سکول لال بخش دلانی	مردانہ	پرائمری
8	32410452	گورنمنٹ پرائمری سکول لودھی والا موسیٰ مرن	مردانہ	پرائمری
9	32430109	گورنمنٹ پرائمری سکول میانی محمود	مردانہ	پرائمری
10	32420215	گورنمنٹ پرائمری سکول بخاری شریف	مردانہ	پرائمری
11	32410470	گورنمنٹ پرائمری سکول خورشید آباد بستی جیون والا موزہ کوٹ طاہر	مردانہ	پرائمری
12	32410450	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی لغاری موسیٰ اللہ آباد	مردانہ	پرائمری
13	32410466	گورنمنٹ پرائمری سکول جھنڈیر	مردانہ	پرائمری
14	32410537	گورنمنٹ پرائمری سکول رقبہ لندن	مردانہ	پرائمری
15	32410509	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی باہر موزہ کوٹھہ جندو	مردانہ	پرائمری
16	32410232	گورنمنٹ پرائمری سکول مسعود آباد	مردانہ	پرائمری
17	32430074	گورنمنٹ پرائمری سکول حبیب اللہ نمبر 1	مردانہ	پرائمری
18	32410473	گورنمنٹ پرائمری سکول کچی بخش	مردانہ	پرائمری
19	32410538	گورنمنٹ پرائمری سکول موسیٰ خان ہوٹوانی اور اللہ دتا	مردانہ	پرائمری
20	32410113	گورنمنٹ پرائمری سکول عباس نگر بستی طلائی والا	مردانہ	پرائمری
21	32420138	گورنمنٹ پرائمری سکول مٹھن کوٹ وارڈ نمبر 3	مردانہ	پرائمری
22	32410210	گورنمنٹ پرائمری سکول لال خان	مردانہ	پرائمری
23	32410539	گورنمنٹ پرائمری سکول حاجی عباس حسین خوسا	مردانہ	پرائمری
24	32410241	گورنمنٹ پرائمری سکول تھول علی محمود	مردانہ	پرائمری
25	32410547	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی لشکر خان بغلانی	مردانہ	پرائمری
26	32420497	گورنمنٹ پرائمری سکول تھول مچھی	مردانہ	پرائمری
27	32430181	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کچا چوہان	زنانہ	پرائمری
28	32410052	گورنمنٹ گرلز ایلیمنٹری سکول چھاچھا	زنانہ	مڈل

چار دیواری کے بغیر سکولوں کے نام :

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ
1	32410297	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول عابد آباد	زنانہ	پرائمری

نمبر شمار	ای ایم آئی ایس کوڈ	سکول کا نام	صنف	سکول کا درجہ
2	32430195	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بنگلہ اچھہ	زنانہ	پرائمری
3	32430190	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی بدھا ملک	زنانہ	پرائمری
4	32410574	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی غلام محمد	زنانہ	پرائمری
5	32410441	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی سردار خان	زنانہ	پرائمری
6	32430197	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول بستی شیر محمد	زنانہ	پرائمری
7	32410562	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چک سلیہر یا	زنانہ	پرائمری
8	32410309	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول درگیری	زنانہ	پرائمری
9	32430143	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول غلاب کوٹ	زنانہ	پرائمری
10	32410300	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول حبیب آباد	زنانہ	پرائمری
11	32410569	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول چھوک مکوال	زنانہ	پرائمری
12	32430181	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کچا چوہان	زنانہ	پرائمری
13	32430156	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کچا رازی	زنانہ	پرائمری
14	32410288	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول کولائی والا	زنانہ	پرائمری
15	32410407	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول مداری والا	زنانہ	پرائمری
16	32430161	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول ملک مراد	زنانہ	پرائمری
17	32410304	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رقبہ لندن نمبر 2	زنانہ	پرائمری
18	32420454	گورنمنٹ گرلز پرائمری سکول رحمان آباد	زنانہ	پرائمری
19	32430182	گورنمنٹ ایم پرائمری سکول غلام نبی گولہ	مردانہ	پرائمری
20	32410113	گورنمنٹ پرائمری سکول عباس نگر بستی طلائی والا	مردانہ	پرائمری
21	32420235	گورنمنٹ پرائمری سکول عبدالحکیم کالونی	مردانہ	پرائمری
22	32420236	گورنمنٹ پرائمری سکول افضل آباد	مردانہ	پرائمری
23	32430112	گورنمنٹ پرائمری سکول علی محمد	مردانہ	پرائمری
24	32430088	گورنمنٹ پرائمری سکول علی مراد	مردانہ	پرائمری
25	32410499	گورنمنٹ پرائمری سکول آرائین والا پی او داجل جام پور	مردانہ	پرائمری
26	32410491	گورنمنٹ پرائمری سکول عزیز آباد	مردانہ	پرائمری
27	32430116	گورنمنٹ پرائمری سکول باغون والا	مردانہ	پرائمری
28	32420162	گورنمنٹ پرائمری سکول بیت نصر اللہ	مردانہ	پرائمری
29	32410239	گورنمنٹ پرائمری سکول باکھی دی میراں	مردانہ	پرائمری
30	32430201	گورنمنٹ پرائمری سکول برم گاندھی	مردانہ	پرائمری
31	32410458	گورنمنٹ پرائمری سکول بارارن	مردانہ	پرائمری
32	32410509	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی باہر موزہ کوٹھہ جھنڈو	مردانہ	پرائمری
33	32430105	گورنمنٹ پرائمری سکول بستی بلوچ	مردانہ	پرائمری
